حکیم الامت مجدد الملت حضرۃ مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ

ملفوظات حکیم الامت

ادارہ تالیفات اشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
(061-4540513-4519240

Butt

بسلسلہ

ملفوظاتِ حکیم الامت

جلد 18

حسن العزیز جلد دوم

حکیم الامت مجدد الملت حضرۃ مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ

کی مجالس اور اسفار، نشست و برخاست میں بیان فرمودۂ انبیاء کرام، اولیاء عظام کے تذکروں، عاشقانِ الٰہی ذوالاحترام کی حکایات و روایات، دین برحق مذہب اسلام کے احکام و مسائل جن کا ہر فقرہ حقائق و معانی کے عطر سے مُعطر، ہر لفظ صبغۃ اللہ سے رنگا ہوا، ہر کلمہ شرابِ عشق حقیقی میں ڈوبا ہوا، ہر جملہ اصلاح نفس و اخلاق، نکات تصوف اور مختلف علمی و عملی، عقلی و نقلی، معلومات و تجربات کے بیش بہا خزائن کا دفینہ ہے اور جن کا مطالعہ آپ کی پُر بہار مجلس کا نقشہ آج بھی پیش کر دیتا ہے۔

جمع فرمودہ منشی رشید احمد سنبھلی رحمہ اللہ

عنوانات: قاری محمد ادریس ہوشیار پوری

ادارۂ تالیفاتِ اشرفیہ اشرفیہ منزل۔ نزد گلی آرٹس، چوک فوارہ ملتان۔

نام کتاب..............ملفوظات حکیم الامت جلد-18

تاریخ اشاعت.............. صفر المظفر ۱۴۲۵ھ

ناشر.... اِدارۂ تَالِیفَاتِ اَشرَفِیہ چوک فوارہ ملتان

طباعت..............سلامت اقبال پریس ملتان

ملنے کے پتے

ادارہ تالیفات اشرفیہ چوک فوارہ ملتان

ادارہ اسلامیات انارکلی، لاہور

مکتبہ سید احمد شہید اردو بازار، لاہور

مکتبہ قاسمیہ اردو بازار لاہور

مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ، کوئٹہ

کتب خانہ رشیدیہ راجہ بازار راولپنڈی

یونیورسٹی بک ایجنسی خیبر بازار پشاور

دارالاشاعت اردو بازار کراچی

بک لینڈ اردو بازار لاہور

ISLAMIC EDUCATIONAL TRUST U.K
(ISLAMIC BOOKS CENTRE)
119-121-HALLIWELL ROAD
BOLTON BL1 3NE. (U.K.)

ضروری وضاحت: ایک مسلمان جان بوجھ کر قرآن مجید، احادیث رسول ﷺ اور دیگر دینی کتابوں میں غلطی کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا بھول کر ہونے والی غلطیوں کی تصحیح و اصلاح کیلئے بھی ہمارے ادارہ میں مستقل شعبہ قائم ہے اور کسی بھی کتاب کی طباعت کے دوران اغلاط کی تصحیح پر سب سے زیادہ توجہ اور عرق ریزی کی جاتی ہے۔ تاہم چونکہ یہ سب کام انسان کے ہاتھوں ہوتا ہے اس لئے پھر بھی کسی غلطی کے رہ جانے کا امکان ہے۔ لہٰذا قارئین کرام سے گذارش ہے کہ اگر ایسی کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرما دیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح ہو سکے۔ نیکی کے اس کام میں آپ کا تعاون صدقہ جاریہ ہوگا۔ (ادارہ)

پرانے لوگوں میں شانِ انکسار و شکستگی کی ہے گو گنہگار ہوں۔

﴿ملفوظ 590﴾ بدعتی تمام انبیاء علیہم السلام کی توہین کرتے ہیں:

فرمایا کہ بدعتی تمام انبیاء علیہم السلام کی توہین کرتے ہیں سوائے حضور ﷺ کے اور اگرچہ آپؐ کی توہین کا قصد نہیں کرتے مگر آپ کی بھی توہین ہو جاتی ہے۔

﴿ملفوظ 591﴾ قبر سے فیض حاصل کر کے بزرگی:

فرمایا کہ ایسا ہوا تو ہے مگر بہت کم کہ محض قبر سے فیض حاصل کر کے بزرگ ہو گئے ہوں۔

﴿ملفوظ 592﴾ ایک بزرگ کا بھول پن:

فرمایا کہ ایک بزرگ معلم تھے ان کے ایک شاگرد مجھ سے کہتے تھے کہ ہم لوگ جب چھٹی لینا چاہتے ان کے حجرے میں چھڑکاؤ کر دیتے اور بوریئے اٹھا کر کھڑے کر دیتے۔ جب وہ آتے تو شاگرد کہتے کہ آج مینہ برسا ہے وہ فرماتے کہ اللہ کی قدرت دیکھو کہ باہر تو خشک ہے اور اندر مینہ برسا ہے اور یہ کہہ کر چھٹی دیدیتے۔ اس قدر بھولے تھے۔

۱۴ رجب المرجب ۱۳۳۵ھ بروز یکشنبہ

﴿ملفوظ 593﴾ بیرنگ خط کا شاعر کی طرف سے جواب:

فرمایا کہ ایک شاعر کے پاس کسی نے بیرنگ خط بھیجا اور ایک آنہ محصول دلوایا۔ انہوں نے ایک پارسل محصولی بھیجنے کو تیار کیا۔ اس میں ایک بڑا پتھر رکھا اور اس کو بیرنگ روانہ کیا اور لکھا کہ آپ کے خط سے اس قدر بوجھ ہلکا ہوا جیسا کہ یہ پتھر چنانچہ ملاحظہ کیلئے مرسل ہے۔

﴿ملفوظ 594﴾ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحبؒ کی تواضع:

فرمایا کہ مولانا شاہ عبدالعزیز صاحبؒ کی بابت مولانا محمد یعقوب صاحبؒ فرماتے تھے کہ ایک شخص نے قانون کی کوئی عبارت پوچھی۔ شاہ صاحب نے حل کر دی۔ مگر اس نے یہ کہا کہ کسی نے لکھا بھی ہے شاہ صاحب نے فرمایا کہ میں نے دیکھا نہیں اب دیکھوں گا۔ رات کو کتاب کے ایک نسخہ میں وہ عبارت لکھدی اور لکاتبہ لکھدیا شاہ ولی اللہ صاحبؒ لکاتبہ